آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز سوموار 30 اگست 2021ء بمطابق 21 محرم الحرام 1443ھ | شمارہ نمبر 220

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:00
ظہر	1:45
عصر	5:30
مغرب	7:20
عشاء	08:45
اہل تشیع: فجر صبح	04:45
ظہر دین	01:00
مغرب دین	7:45

باجوڑ دہشتگردوں کی پاک فوج کی چوکی پر فائرنگ 2 جوان شہید

دہشت گردوں کی جانب سے افغان سرزمین کے استعمال پر احتجاج کیا اور کہا کہ امید ہے افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

امید ہے افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، پاکستان کا دہشتگردوں کی جانب سے افغان سرزمین کے استعمال پر احتجاج

سرحد پار سے پاک فوج کی چوکی پر دہشت گردوں کی کارروائی کی مذمت، وطن کی خاطر جان قربان کرنے والے پاک فوج کے جوانوں کو خراج تحسین، وزیر داخلہ شیخ رشید

راولپنڈی (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ میں افغان بارڈر پر سرحد پار سے دہشت گردوں کی پاک فوج کی چوکی پر فائرنگ کے نتیجے میں 2 جوان شہید ہوگئے، پاک فوج کی جانب سے کی گئی جوابی کارروائی میں تین دہشتگرد ہلاک اور چار کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ اتوار کو پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک فوج کی جانب سے دہشت گردوں کی فائرنگ کا موثر جواب دیا گیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ پاک فوج کی جوابی فائرنگ سے 3 دہشت گرد ہلاک اور 4 کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں سے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کراچی: صدر مملکت عارف علوی معروف سیاستدان ممتاز علی بھٹو کے انتقال پر ان کے بیٹے امیر بخش بھٹو سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بھارتی رویے کے باجود خطے میں امن برقرار رکھنا چاہتے ہیں، پاکستان

پاکستان نے بھارت کے خلاف نپا تلا اور پرعزم جواب دے کر خطے میں سٹریٹجک توازن بحال کیا تھا، پاکستان نے بھارتی وزیر دفاع کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا

فروری 2021 میں 2003 کی جنگی بندی پر ہم آہنگی کی توثیق اس امر کی عکاسی ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار ریاست ہے جو بھارتی غیر ذمہ دارانہ رویے کے باجود خطے میں امن برقرار رکھنا چاہتا ہے

فروری 2019 میں بالاکوٹ میں ناکامی سے دوچار مہم جوئی اور عاقبت نااندیشانہ نام نہاد بھارتی ''سرجیکل سٹرائیکس'' محض جھوٹ، دھوکے اور فریب کے طور پر بے نقاب ہوئیں، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارتی وزیر دفاع کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ ہم بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے دہشت گردی سے متعلق پاکستان کے خلاف الزامات کو قطعی بے بنیاد قرار دیتے ہوئے دوٹوک طور پر مسترد کرتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان اپنے خلاف بھارتی ریاستی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے ناقابل تردید ثبوت عالمی برادری کو فراہم کر چکا ہے، بھارت دہشت گردی کو ریاستی پالیسی کے ہتھیار کے طور پر استعمال کرتا ہے، صرف رواں سال میں بھارت جوہر ٹاؤن لاہور اور داسو میں چینی اور پاکستانی ورکرز کے خلاف دہشت گرد حملوں میں ملوث پایا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ حکمران پی، ٹی، آر، ایس

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

جو مرضی کرلیں حکومت آئینی مدت پوری کریگی، شہباز گل

آئندہ حکومت بھی عمران خان کی ہوگی، پی ڈی ایم اجلاس میں کیا باتیں ہوئیں ہمیں سب پتہ ہے، ان کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہوسکتی، معاون خصوصی

فیصل آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی امور ڈاکٹر شہباز گل نے ایک بار پھر اپوزیشن پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپوزیشن کی تمام تحریکیں ناکام رہیں، جو مرضی کرلیں حکومت آئینی مدت پوری کریگی، آئندہ حکومت بھی عمران خان کی ہوگی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

نااہل اپوزیشن حکومت کی خوش قسمتی ہے، فواد چوہدری

شہباز شریف اور بلاول حکومت کیخلاف ایک حد سے آگے نہیں جانا چاہتے، مریم اور فضل الرحمن کام کو پلٹنا چاہتے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ نااہل اپوزیشن حکومت کی خوش قسمتی ہے۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ غیر سنجیدہ اور نااہل اپوزیشن ملی۔ فواد چوہدری نے کہا کہ شہباز شریف اور بلاول

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

لاہور: وزیر داخلہ پنجاب سردار عثمان بزدار، چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی اور وزیر مملکت زرتاج گل فورٹ منرو کی تعمیر و ترقی کیلئے منصوبوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھنے کے بعد حاضرین سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر اعظم قوم کو بتائیں کہ بالکل نہیں سے مکمل ہاں کیسے اور کیوں ہوئی؟، سراج الحق

خطے سے امریکہ کی مکمل واپسی تک امن قائم نہیں ہوسکتا، پاکستان کے اس فیصلے کے نتائج خطرناک ہونگے

افغانستان سے نکلنے والے غیر ملکیوں کو ملک کے بڑے شہروں میں کیوں بسایا جا رہا ہے، امیر جماعت اسلامی

پشاور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ وزیر اعظم قوم کو بتائیں کہ بالکل نہیں سے مکمل ہاں کیسے اور کیوں ہوئی؟ نیٹو فورسز کے لوگوں کو ملک میں بسانا کرونا سے زیادہ خطرناک ہوسکتا ہے، افغانستان سے نکلنے والے غیر ملکیوں کو ملک کے بڑے شہروں میں کیوں بسایا جا رہا ہے۔ قوم پوچھ رہی ہے یہ فیصلہ کہاں ہوا اور اس کے پیچھے کیا مقاصد ہیں؟ سراج الحق نے ان تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ افغانستان سے نیٹو اور

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

2018 کا الیکشن متنازعہ ہونے کے باوجود قومی مفاد میں قبول کیا، لیاقت بلوچ

پہلے تیز دھار اب الیکشن کے بیلٹ باکس کے ذریعے فیصلہ ہوتا ہے کہ کون حکمران ہوگا، محمد حسین محنتی و دیگر کا جلسہ عام سے خطاب

کراچی (جیکب آباد) (این این آئی) جماعت اسلامی کے مرکزی نائب امیر و سابق پارلیمانی لیڈر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ 2018 کا الیکشن متنازعہ ہونے کے باوجود قومی مفاد میں قبول کیا مگر تبدیلی کی دعویدار حکومت نے مہنگائی کے طوفان سے عوامی کی زندگی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

قلات پولیس کی کارروائی درجنوں مشتبہ افراد گرفتار

قلات (این این آئی) قلات پولیس کی کارروائی درجنوں مشتبہ افراد گرفتار۔ ایس پی قلات عبدالرؤف

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں ترقی کیلئے پنجاب حکومت اقدامات اٹھائے گی، عثمان بزدار

کوہلو (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار ایک روزہ دورے پر گزشتہ روز بارکھان پہنچ گئے جن کا

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

دریجی پولیس کو ڈکیتی کے کیس میں مطلوب مفرور ملزم سی آئی اے پولیس نے گرفتار کرلیا

حب (این این آئی) دریجی پولیس کو ڈکیتی کے کیس میں مطلوب مفرور ملزم سی آئی اے پولیس نے گرفتار کرلیا

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ضلع کوئٹہ میں بچوں کو 10 مختلف موذی بیماریوں سے بچاؤ کی 12 روزہ مہم آج 30 اگست بروز سوموار سے شروع ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) ضلع کوئٹہ میں بچوں کو 10 مختلف موذی بیماریوں سے بچاؤ کی 12 روزہ مہم آج 30

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

نیب بڑی مچھلیوں کے علاوہ میگا کرپشن مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچانے کیلئے پرعزم ہے، چیئرمین نیب

موجودہ انتظامیہ کی جانب سے کئے گئے فیصلوں پر مطمئن آمادہ اور باقاعدہ ایکشن سے نیب کی ساکھ اور تشخص میں اضافہ ہوا ہے، جسٹس جاوید اقبال

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین نیب جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا ہے کہ نیب بڑی مچھلیوں کو قانون کے کٹہرے میں لانے کے علاوہ میگا کرپشن مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچانے کیلئے پرعزم ہے، موجودہ انتظامیہ کی جانب سے کئے گئے فیصلوں پر

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

پاکستان اوورسیز کمیونٹی گلوبل کی جانب سے الیکشن کمیشن آفس کے باہر مطالبات کے حق میں (آج) احتجاج کیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اوورسیز کمیونٹی گلوبل کی جانب سے حق رائے دہی اور پارلیمنٹ میں مخصوص نشستیں مختص کرنے سمیت دیگر مطالبات کی منظوری کیلئے پاکستان الیکشن کمیشن اسلام آباد دفتر کے سامنے (آج) پیر کو احتجاج کیا جائیگا جس میں دنیا بھر سے اوورسیز پاکستانی اس احتجاج میں شرکت کریں

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

نوابزادہ شاہ زین بگٹی پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے اراکین قومی و صوبائی اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

31 اگست کے بعد امریکا کو افغانستان میں حملے کرنے کا کوئی حق نہیں، طالبان

کابل (این این آئی) افغان طالبان کے سیاسی دفتر کے ترجمان سہیل شاہین نے کہا ہے کہ 31 اگست کے بعد امریکا کو افغانستان میں ڈرون سمیت کسی بھی قسم کے حملے کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گفتگو کرتے ہوئے سہیل شاہین کا کہنا تھا کہ 31 اگست کے بعد افغانستان میں کوئی حملہ کرے گا تو اسے روکیں گے۔

ملک بھر سے اہم خبریں

پورٹ قاسم اور کراچی پورٹ پر نئی برتھ لگانے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے، وفاقی وزیر علی زیدی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور علی زیدی نے کہا ہے کہ پورٹ قاسم اور کراچی پورٹ پر

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

کورونا وبا کے دوران 86 ممالک میں پھنسے 4 لاکھ 51 ہزار 373 پاکستانیوں کو وطن واپس لایا گیا، ایس ایس ایو

اسلام آباد (این این آئی) کورونا وبا کے دوران 86 ممالک میں پھنسے 4 لاکھ 51 ہزار 373

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

پرچی چیئرمین کی بیان بازی سندھ کے حالات سے توجہ ہٹانے کی ناکام کوشش ہے، شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان وزیر اعظم، معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ ڈاکٹر شہباز گل نے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

عالمی برادری سیکیورٹی خلا سے بچنے کے لیے طالبان کے ساتھ رابطہ کرے، مشیر قومی سلامتی

اسلام آباد (این این آئی) قومی سلامتی کے مشیر ڈاکٹر معید یوسف نے کہا ہے کہ افغانستان کو تنہا چھوڑنا

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

بلوچستان کورونا کے مزید 43 کیس رپورٹ تعداد 31252 ہوگئی

بلوچستان میں کورونا وائرس کے 835 ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 43 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی

بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 43 کیس رپورٹ، متاثرہ افراد کی تعداد 31252 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 43 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 31252 ہوگئی، محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے 06 اضلاع بارکھان سے 15، کوئٹہ سے 13، مستونگ سے 9، گوادر، تربت اور پنجگور سے 2،2 رپورٹ ہونے کے بعد اب تک مجموعی طور پر متاثرہ افراد کی تعداد 31252 ہوگئی ہے اتوار کو صوبے میں کورونا وائرس کے مثبت کیسز کی شرح 15.5 فیصد ریکارڈ کی گئی رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس کے 16 مریض ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں جن میں سے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

3 سال میں پی ڈی ایم کی تمام تحریکیں ناکام ہوئیں

شاہ محمود قریشی

وباء کا پھیلاؤ کم ہونے پر اپوزیشن اپنے جلسوں کا شوق پورا کرلے، 3 سال میں پی ڈی ایم کی تمام تحریکیں ناکام ہوئیں

اپوزیشن بے وقت کی راگنی الاپ رہی ہے، پی ڈی ایم کے بے موسمی جلسے کرونا وبا کے پھیلاؤ کا باعث بنیں گے، وزیر خارجہ

ملتان (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے بے موسمی جلسوں سے حکومت کو کوئی تشویش نہیں، اپوزیشن بے وقت کی راگنی الاپ رہی ہے، پی ڈی ایم کے بے موسمی جلسے کرونا وبا کے پھیلاؤ کا باعث بنیں گے، وبا کا پھیلاؤ کم ہونے پر اپوزیشن اپنے جلسوں کا شوق پورا کرلے، گزشتہ 3 سال میں پی ڈی ایم کی تمام تحریکیں ناکام ہوئیں، پی ڈی ایم اب اپنی کوئی نئی چال چلنا چاہتی ہے تو اپنا شوق پورا کرے، ماضی کی طرح اب بھی ناکامی مقدر ہوگی، جو لوگ عمران خان سے استعفیٰ لینے نکلے تھے وہ کہاں گئے، پاکستان کابل میں جاری انخلاء کے عمل میں مختلف ممالک کے سفارتی عملے، عالمی نمائندوں اور غیر ملکیوں کے انخلاء میں مدد فراہم کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز این اے 156 کی مختلف یونین کونسلوں میں استقبالیہ تقریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا وزیر اعظم پاکستان عمران خان کی قیادت میں ملکی ترقی کا سفر جاری

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

یوسف رضا گیلانی کا طالبان سے مشروط مذاکرات کرنے کا مشورہ

افغانستان سے متعلق ہمیں جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہیں کرنا چاہیے، پرامن افغانستان پاکستان کے لیے ضروری ہے

پاکستان پیپلز پارٹی کی اہمیت میں اضافہ ہو رہا ہے، ہم کسی چور دروازے سے اقتدار میں نہیں آنا چاہتے، اپوزیشن لیڈر کی گفتگو

ملتان (این این آئی) سابق وزیر اعظم اور سینیٹ کے اپوزیشن لیڈر یوسف رضا گیلانی نے طالبان سے مشروط مذاکرات کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ افغانستان سے متعلق ہمیں جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہیں کرنا چاہیے، پرامن افغانستان پاکستان کے لیے ضروری ہے، اسمبلیوں میں سے استعفے نہیں دینا چاہتے تھے، پی ڈی ایم سے راہیں جدا کریں، پاکستان پیپلز پارٹی کی اہمیت میں اضافہ ہو رہا ہے، ہم کسی چور دروازے سے اقتدار میں نہیں آنا چاہتے۔ اتوار کو میڈیا سے گفتگو کرتے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان سے نتھالہ گوٹھ اور طیب گوٹھ کے معززین کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا

حب (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی سے نتھالہ گوٹھ اور طیب گوٹھ کے معززین نے وڈیرہ وڈیرا اکبر موندرو کی قیادت میں وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کی اور علاقائی مسائل سے آگاہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب جام کمال خان عالیانی سے وڈیرہ وڈیرا اکبر موندرو

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

پاکستانی طالبان کو افغانستان سے کارروائیوں کی اجازت نہیں، اس حوالے سے ایک میکنزم بھی بنایا جائیگا، افغان طالبان

افغانستان میں نئی حکومت کے قیام کا اعلان جلد کر دیا جائے گا، طالبان کے علاوہ کسی اور کو حکومت میں شامل کرنا زیر بحث نہیں، ذبیح اللہ مجاہد

کابل (این این آئی) افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ پاکستانی طالبان کو بتا دیا ہے، ان کو افغانستان سے کارروائیوں کی اجازت نہیں اور اس حوالے سے ایک میکنزم بھی بنایا جائے گا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ افغانستان میں نئی حکومت کے قیام کا اعلان جلد کر دیا جائے گا، طالبان کے علاوہ کسی اور کو حکومت میں شامل کرنا زیر بحث نہیں۔ حکومت بنانے کے مشاورت آخری مراحل میں ہے۔ ذبیح اللہ مجاہد نے کہا کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان یا کسی بھی ملک کے خلاف استعمال نہیں کرنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے اعلان کے لیے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: ترجمان وزیر اعظم، معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ ڈاکٹر شہباز گل پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی سمیت باریاں لگانے والی سیاسی جماعتوں نے کرپشن، منی لانڈرنگ، جعلی اکاؤنٹس کے علاوہ کچھ نہیں کیا، فرخ حبیب

سندھ کی حکومت کی کرپشن کی لازوال داستانوں کی وجہ سے کراچی ڈائنامک مشن پلان پانی فراہمی کے 4 منصوبے پر وفاقی حکومت کام کر رہا ہے، بلاول کو جواب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی سمیت باریاں لگانے والی سیاسی جماعتوں نے کرپشن، منی لانڈرنگ، جعلی اکاؤنٹس کے علاوہ کچھ نہیں کیا، اگر انہیں عوام کا اتنا ہی خیال ہوتا تو یہ اپنے ادوار میں کرپشن کی بجائے عوامی خدمت پر توجہ مرکوز کرتے، پی ٹی آئی کی واحد حکومت ہے جس نے ہر سال صوبوں کو این ایف سی کے علاوہ بھی مساوی مواقع فراہم کیے ہیں، سندھ کی حکومت کی کرپشن کی لازوال داستانوں کی وجہ سے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کا جلسہ کی سیکیورٹی انتظامات سے یو آئی رضا کاروں کے پیرول 10 ہزار رضا کار مامور ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک الائنس (پی ڈی ایم) کے کراچی میں مزار قائد کے قریب ہونے والے جلسے کی سیکیورٹی کا انتظام جمعیت علماء اسلام کے رضا کاروں کے سپرد ہے جس کے لیے 10 ہزار رضا کار جلسہ گاہ کے اندرونی اور داخلی راستوں پر

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، مرمت کی جانے والی سڑک پر ٹھیکیدار کا فون نمبر درج کیا جائے گا

آئندہ تعمیر یا مرمت پر ٹھیکیدار اور پروجیکٹ مینیجر کی تفصیل درج ہوگی، مراد سعید

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے قومی شاہراہوں کی تعمیر و مرمت سے متعلق اہم فیصلہ کرتے ہوئے سڑک پر لگے بورڈز پر مرمت کرنے والے ٹھیکیدار کا نمبر درج کرنے کا اعلان کیا ہے، سڑک پر پڑے گڑھوں سے پریشان عوام خود ٹھیکیدار کو فون کریں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی وزیر برائے مواصلات مراد سعید نے قومی شاہراہوں کی تعمیر و مرمت سے متعلق نئی پالیسی کا اعلان کر دیا۔ مراد سعید نے بتایا کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے زیر کنٹرول قومی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

دہشتگرد معصوم بیگناہ لوگوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، ضیاء لانگو

کمیٹی میں نواب ایاز جوگیزئی بھی شامل ہونگے اگر لواحقین اور نواب ایاز سمجھیں کہ کمیٹی صحیح کام نہیں کر رہی تو جوڈیشل کمیشن بھی بنا دیں گے

کمیٹی 2 دن میں رپورٹ پیش کرے گی کمیٹی وزیر اعلیٰ جام کمال، کمانڈر 12 کور لیس سمیت اعلیٰ حکام سے ملاقات کریگی، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی سربراہی میں صوبائی وزرا پر مشتمل وفد زیارت خانی بابا کراس پر جاری احتجاجی دھرنے پر بیٹھے متاثرین سے حکومت کے لئے پہنچے جہاں صوبائی وزیر داخلہ نے اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے کہا کہ اگر لواحقین کمیٹی سے مطمئن نہیں ہوئے تو جوڈیشل کمیشن کا مطالبہ بھی تسلیم کرلیا جائے گا کمیٹی میں نواب ایاز جوگیزئی کو بھی شامل ہونگے مزاکراتی وفد نے لواحقین سے شہدا کی تدفین کی بھی اپیل کی میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ زیارت میں ہونے والا دہشت گردانہ کارروائی دل دہلانے والا واقعہ ہے دہشت گردوں نے پاکستان کا سکون برباد کیا ہے جنہیں کیفر کردار تک پہنچانے تک سکون سے نہیں بیٹھیں گے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، صوبائی وزیر مطاخان کی سربراہی میں وفد زیارت خانی بابا کراس پر جاری سانحہ مائی ڈیم کے متاثرین کی جانب جاری احتجاجی دھرنے گیا جہاں انہوں نے نواب ایاز جوگیزئی سمیت احتجاجی دھرنے پر بیٹھے شہید لیویز

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی سردار اختر جان مینگل سے ملاقات، خیریت دریافت کی

کوئٹہ/کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے بی این پی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل سے ملاقات کرکے سردار عطاء اللہ مینگل کی خیریت دریافت کی۔ اتوار کو وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کراچی کے نجی ہسپتال جا کر بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل سے ملاقات اور انکے والد

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

وعدے کے مطابق عوام کو 50 لاکھ گھر دیئے بغیر آئندہ انتخابات میں نہیں جائیں گے، جمشید اقبال چیمہ

نواز شریف، اسحاق ڈار، حسن نواز، حسین نواز، سلمان شہباز اور علی عمران کو پاکستان لائیں نوکریاں نہ دیں تو نام بدل دینا

مریم صفدر کہتی ہیں نواز شریف واپس کا پیارے، میں کہتا ہوں واپس کا پیارے دل نہیں ہوتا نہ گھبراؤ ہو جائے وزیر اعظم کے معاون خصوصی کا خطاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے فوڈ سیکیورٹی جمشید اقبال چیمہ نے کہا ہے کہ وعدے کے مطابق عوام کو 50 لاکھ گھر دیئے بغیر آئندہ انتخابات میں نہیں جائیں گے، ماضی میں حکمران لوٹ مار کرکے پیسہ بیگوں میں بھر کر بیرون ملک بھگواتے تھے لیکن ہمارے پاس کوئی ایان علی نہیں ہے، یہ کہتے ہیں ملک میں نوکریاں نہیں ہیں آپ نواز شریف، اسحاق ڈار، عابد شیر علی، حسن نواز، حسین نواز، سلمان شہباز اور علی عمران کو پاکستان لائیں اگر انہیں پکڑ پکڑ کر نوکریاں نہ

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

کراچی کی خوشحالی کے بغیر پاکستان خوشحال نہیں ہوگا، شہباز شریف

نواز شریف کی قیادت میں اللہ تعالیٰ نے آئندہ الیکشن میں موقع ملا تو کراچی کی قسمت بدل دیں گے

ایک جماعت کو نکال کر دیگر تمام جماعتوں کو ملا کر کراچی کی حالت سدھارنے کے لئے کام کریں گے، اپوزیشن لیڈر

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے کہا ہے کہ کراچی کی خوشحالی کے بغیر پاکستان خوشحال نہیں ہوگا، نواز شریف کی قیادت میں اللہ تعالیٰ نے آئندہ الیکشن میں موقع ملا تو کراچی کی قسمت بدل دیں گے، ایک جماعت کو نکال کر دیگر تمام جماعتوں کو ملا کر کراچی کی حالت سدھارنے کے لئے کام کریں گے، اس جماعت نے تین سال میں ملک و قوم پر ظلم ڈھایا، اربوں کھربوں کا سالانہ گیس دینے والے شہر میں مسائل کی بھرمار ہے، عوام ایک گیلن پانی کے لئے ترس رہے ہیں، ایک غریب مزدور ایک گیلن پانی لے تو اس کی دیہاڑی ختم ہو جائے گی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے این اے 249 کراچی کے عہدیداروں، کارکنان اور عمائدین علاقہ سے ملاقات

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

کابل، حامد کرزئی انٹرنیشنل ائیر پورٹ کے قریب راکٹ حملے میں 2 افراد جاں بحق، 3 زخمی

کابل (این این آئی) افغانستان کے دارالحکومت کابل کے حامد کرزئی انٹرنیشنل ائیر پورٹ کے قریب ایک راکٹ حملے میں چار بچوں سمیت 16 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کابل ائیر پورٹ کے علاقے میں راکٹ حملہ ہوا جس میں ایک

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ای پی اے بلوچستان نے ماحول دشمن پولی تھین بیگز کے لیے آگاہی مہم شروع کردی ہے پولی تھین بیگز جو کہ قدرتی ماحول کو آلودہ کر رہے ہیں، انجینئر محمد خان اتمانخیل

حب (این این آئی) ڈائریکٹر ٹیکنیکل ای پی اے بلوچستان انجینئر محمد خان اتمانخیل نے کہا ہے کہ ای پی اے بلوچستان نے ماحول دشمن پولی تھین بیگز کے لیے آگاہی مہم شروع کردی ہے پولی تھین بیگز جو کہ قدرتی ماحول کو آلودہ کر رہے ہیں انہوں نے بتایا کہ ای پی اے بلوچستان نے پولی تھین بیگز کے خلاف سکولز لیول پر

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

افغانستان میں متفقہ حکومت بنالیں تو بھی امریکا اور اتحادی قبول نہیں کریں گے، گلبدین حکمت یار

کابل ائیر پورٹ کی سیکیورٹی ایسے ملک کو دی جائے جو ہمارے ملک کے بارے میں غلط عزائم نہ رکھتا ہو، گفتگو

کابل (این این آئی) افغانستان کے سابق وزیر اعظم اور حزب اسلامی کے سربراہ گلبدین حکمت یار نے کہا ہے کہ اگر ہم مل کر حکومت بنائیں تو بھی امریکا اور اس کے اتحادی افغان حکومت کو قبول نہیں کریں گے۔ ہم چاہتے ہیں کہ طالبان کی حکومت چلے، ہمارا مشورہ ہے کہ افغان عوام مل کر نئی حکومت کے لیے اتفاق قائم کریں۔ کابل ائیر پورٹ کی سیکیورٹی ایسے ملک کو دی جائے جو ہمارے ملک کے بارے میں غلط عزائم نہ رکھتا ہو، افغان میں امن بھارت سمیت سب کے فائدے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے سردار اورنگزیب وڈانچ ملاقات کر رہے ہیں

اسرائیل کا ایران کے خلاف امریکا سوویت یونین سرد جنگ طرز کا بلاک

وزیر اعظم نے باور کرایا کہ اسرائیل خطے کا امریکا ہے اور ایران سوویت یونین ہے جس کی حکومت کرپٹ اور زوال پذیر ہے

اسرائیلی وزیر اعظم نے امریکی صدر سے ملاقات میں ایران کے خلاف محاذ آرائی کا منصوبہ پیش کیا، ذرائع

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم نفتالی بینیٹ اور صدر جو بائیڈن کے درمیان ہونے والی ملاقات سے واقف دو امریکی ذرائع نے بینیٹ کے حوالے سے کہا ہے کہ امریکی صدر سے جمعہ کو وائٹ ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں بینیٹ نے کہا تھا کہ ایران کے ساتھ طے پائے جوہری معاہدے پر امریکا کی واپسی کی مخالفت کے باوجود وہ اپنے پیش رو نفتالی بینیٹ کی طرح ایران کے خلاف اعلانیہ مہم نہیں چلائیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیر اعظم نفتالی بینیٹ نے امریکی صدر جو بائیڈن سے اپنی ملاقات میں ایران کے خلاف محاذ آرائی کا جو منصوبہ پیش کیا اسے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو رکن صوبائی اسمبلی سردار صالح محمد بھوتانی کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بلاول بھٹو

عمران خان عوام سے ہر طرح کے حقوق چھیننا چاہتے ہیں

عمران خان عوام سے ہر طرح کے حقوق چھیننا چاہتے ہیں، یہ برداشت نہیں کرسکتے کہ کوئی اسلام آباد میں بیٹھا کوئی کھٹ پٹی عوام کے حق پر ڈاکا مارے

کچی آبادیوں کو گرایا جا رہا ہے مگر بنی گالا ریگولرائز ہو جاتا ہے، ہم اپنے عوام کے حقوق کیلئے باہر نکلیں گے اور اپنے حقوق آپ سے چھین لیں گے، جلسے سے خطاب

خیر پور/رانی پور (

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز، 1 مسریم ٹاؤن سیرل روڈ کوئٹہ۔
addshalquetta@gmail.com ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔
shalquetta@gmail.com ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔

30 اگست 2021ء

ملک لوٹنے والوں کو جواب دینا ہوگا

پی ڈی ایم کے بے معنی جلسوں سے حکومت کو کوئی تشویش نہیں، اپوزیشن بے وقت کی راگنی الاپ رہی ہے، پی ڈی ایم کے بے معنی جلسے کرونا وبا کے پھیلاؤ کا باعث بنیں گے، وبا کا پھیلاؤ پر کم ہونے پر اپوزیشن اپنے جلسوں کا شوق پورا کرلے گزشتہ 3 سال میں پی ڈی ایم کی تمام تحریکیں ناکام ہوئیں، پی ڈی ایم اب اپنی کوئی نئی چال چلنا چاہتی ہے تو اپنا شوق پورا کرے، ماضی کی طرح اب بھی ناکامی مقدر ہوگی، جولوگ عمران خان سے استعفیٰ لینے نکلے تھے وہ کہاں گئے، پاکستان کابل میں جاری انخلاء کے عمل میں مختلف ممالک کے سفارتی قافلے، عالمی نمائندوں کے انخلاء میں مدد فراہم کررہا ہے۔ ملکی ترقی کا سفر جاری ہے جو اپوزیشن کے شور شرابے سے رک نہیں سکتا۔ اپوزیشن کے پاکستان ملکی ترقی کا کوئی ایجنڈا نہیں، اپوزیشن افراتفری اور انتشار کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے، اس کے برعکس وزیراعظم عمران خان کے پاس ملکی ترقی کا بھرپور ایجنڈا ہے جس پر صحیح معنوں میں عمل ہوا تو افغانستان کا امن بھی پاکستان کی ترقی کا ضامن ہوگا۔ عمران خان گریٹ کے خاتمے اور لٹیروں کے احتساب کے حوالے سے زیر دفاتر لٹیروں کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں، اس ضمن میں اندرونی و بیرونی کئی کمیشن کام کا دباؤ قبول نہیں۔ وزیراعظم آج لٹیروں کو معافی دینے والے ہیں تو اپوزیشن کے نزدیک تحریک انصاف کی حکومت سب اچھی حکومت ہوگی، پاکستان میں یہ روایت بن چکی ہے کہ قومی خزانہ لوٹو، بیرون ملک جائیداد بنائیں اور بیرون ملک فرار ہوجاؤ لیکن اب ایسا نہیں ہوگا۔ وزیراعظم عمران خان واضح کہہ چکے ہیں جس نے ملک لوٹا اس کو جواب دینا ہوگا، ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ قومی خزانہ لوٹنے والے طاقتور لٹیروں کو احتساب کے شکنجے میں لایا گیا۔

آنسوؤں کی قیمت



ماہی
خالد جان
khalidjan9061@gmail.com

درد پچانے کا علم خوب جانتا ہوں۔ میں اس کی آوازسن موجود درد کے سمندر میں ڈوبتا ہی چلا جارہا تھا۔ وہ مجھے سب کچھ بتانا چاہتی تھیں، لیکن وہ پریشان تھی، ڈری سہمی۔ کچھ لمحے کے لیے پھر سے دونوں طرف خاموشی رہی۔ مجھے اپنی کان بجتے دھڑکنیں لگتی ہوئیں دوبی دبی سی آواز میں رو رہی تھی۔

"رانی!! مجھے گھر، یاد آرہے ہیں۔۔۔۔ دیکھو ہچ ہچ ہا کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔۔ یہ ایک بین کو زیب بین دیتی کہ وہ اپنے بھائی کے چھپا لیں میں نے شاید جانے کی کوشش کی لیکن وہ بلکا تھپڑ بلند کرکے کہنے لگی نہیں نہیں خالد بھائی۔۔۔۔ میں بھلا کیوں رونے لگی۔۔۔۔ داصل کچھ دنوں سے زخم باتھ دھو کے پیچھے چھوڑ کر بھاگ گئیں" میں کاپ سا کیا دل میں زیب بین دیتی کہ وہ اپنے بھائی کے چھپا لیں میں نے شاید جانے کی کوشش کی لیکن وہ بلکا تھپڑ بلند کرکے کہنے لگی نہیں نہیں خالد بھائی۔۔۔۔ میں نے اسے مزید کریدنا چاہا پچھلے ایک مہینے سے تمہارا نہر بند جارہا ہے۔۔۔۔۔ میں نے کئی بار تمہارا نہر بلوایا۔۔۔۔۔ غیرت تو تھی رانی؟ اس نے بلکی کے ساتھ کہے سر اڑا دیمری اور اس کی عقل میں اتنا آنسوؤں کا کولہ بہہ گیا۔ اور وہ روتے ہوئے اپنا درد بیان کرنے لگیں خالد بھائی! مجھے لمبے لمبے کی ساتھ رانی کا سارا درد اس کے اپنے کے چہرے میں صاف کرتا آیا ہوا وہ بلکا بھی اپنے کوئے سے بھی زیادہ درد خوار گے رہی تھی، وکھ اور مزید تلخیف کے پوچھ تے دبی دبی سی آواز میں رو رہی تھی۔ میں نے اسے مزید کریدنا چاہا پچھلے ایک مہین

شمال بلیٹن 1

فارنک کے تنازعے میں پاک فوج کے 2 جوان شہید ہوگئے ، دہلاوران میں مردان کے رہائشی 28 سالہ سپاہی عمال اور بٹ خیلہ کے 21 سالہ سپاہی ایاز شمال میں ، آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان نے دہشت گردوں کی جانب سے افغان سرزمین کے استعمال پر احتجاج کیا اور کہا کہ امید ہے افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی ، دریں اثناء وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے ضلع باجوڑ میں سرحد پار سے پاک فوج کی چوکی پر دہشت گردوں کی واردات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کی واردات کرنے والے پاک فوج کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا ، انہوں نے کہا کہ افغان حکومت کو اپنی سرزمین پر دہشت گردوں کو روکنا ہوگا ، وزیر داخلہ نے ملکی امن کی خاطر غیر قانونی مقیم افغانیوں کو واپس بھیجنا ہوگا ، انہوں نے کہا کہ افغان حکومت کو اپنی سرزمین کے استعمال کو روکنا ہوگا ، وزیر داخلہ نے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کی

عوام نام نہاد ترقی دشمن عناصر کے جھوٹے نعروں میں نہ آئیں، نور محمد دمڑ

ہمارا مقصد اور منشور صرف اور صرف عوامی خدمت ہے عوام کو چاہیے کہ وہ یہ موسمی بٹیروں کے جھوٹے نعروں سے دور رہے

چالیس سے زائد حلقے اور صوبے پر حکمرانی کرنے والوں کی کارکردگی کیا تھی اور ہمارا تین سالہ کارکردگی کا کیا ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای اور اساماحاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ہمارا مقصد اور منشور صرف اور صرف عوامی خدمت ہے عوام کو چاہیے کہ وہ یہ موسمی بٹیروں کے جھوٹے نعروں سے دور رہے اور حلقے میں جاری ترقی میں ہمارا ساتھ دے عوام کو سب کچھ اپنے آنکھوں سے دیکھ رہے کہ چالیس سے زائد حلقے اور صوبے پر حکمرانی کرنے والوں کی کارکردگی کیا تھی اور ہمارا تین سالہ کارکردگی کا کیا ہے تین سالہ دور اقتدار میں حلقے میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے وفاق اور صوبے سے اربوں روپوں کے میگا پروجیکٹ اور سینکڑوں نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا ہے اور مزید ہر ممکن اقدامات کر رہا ہوں نام نہاد قوم پرست اور مذہبی جماعتیں ہمارے ترقیاتی منصوبوں سے بوکھلاہٹ کا شکار

بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

اسلام آباد گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے سردار اورنگزیب وڑائچ ملاقات کر رہے ہیں

امن وامان کی دگرگوں صورت حال نے عوام کو مایوس کر کے رکھ دیا ہے، عبدالرحمن رفیق

نااہل صوبائی حکومت کی غفلت کے باعث جنگل کا قانون رائج ہے

تمام طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد غیر اطمینان کی زندگی گزار رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، جنرل سیکریٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ہاشم خیشگی، مولانا محمد ایوب حافظ عبدالحق حقانی، مولانا حکیم حبیب اللہ، حافظ مسعود احمد، حافظ شبیر احمد مدنی، مفتی عبدالغفور مدنی، حافظ سراج الدین، حاجی ولی محمد بزنجو، حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ، چوہدری محمد عاطف، میر فاروق لانگو، مولانا جمال الدین حقانی، مولانا، مفتی نیک محمد فاروقی، مولانا محمد عارف شمشیر اور دیگر

بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

غیر قانونی فشنگ کی کسی کو اجازت نہیں ہوگی، چیف سیکرٹری کی یقین دہانی

گوادر میں پانی اور بجلی کے بحران کو حل کر دیا ہے جبکہ صوبائی حکومت تمام دستیاب وسائل استعمال کر رہی ہے

صوبائی حکومت کو عوام کی مشکلات کا احساس ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے میں سنجیدہ ہے، ملاقات میں بات چیت

گوادر (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا نے اسسٹنٹ کمشنر برائے سی پیک افیئرز خالد منصور سے ملاقات کی ملاقات میں انہیں صوبائی حکومت کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں بریفنگ دی جن میں گوادر میں پانی کے بحران کے حل کیلئے ٹھوس اقدامات اور بجلی کی فراہمی سے متعلق امور شامل تھے۔ اسکے علاوہ چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کے ساتھ آل پارٹیز نمائندوں سمیت ڈپٹی کمشنر گوادر میجر ریٹائرڈ عبدالکبیر خان زرکون ایڈیشنل انیس طارق گورگیج، اسسٹنٹ کمشنر گوادر راجہ طہر عباس ایکسن واپڈا، ایکسن پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، اور اور ترقیات گوادر کے آفسران نے شرکت کی اجلاس میں کہا ہے کہ گوادر میں پانی اور بجلی کے بحران کو حل کر دیا ہے جبکہ صوبائی حکومت تمام دستیاب وسائل

بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ سے ضلع زکوات چیئرمین ہرنائی سید شاہ گل بخاری، کلیم اللہ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

عوام کے مسائل کو حل کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہیں، ظاہر شاہ

12 ستمبر کو وارڈ نمبر 5 کے اہلیان انتخابی نشان "سوز کی پک اپ" پر اپنا مہر ثبت کریں

کوئٹہ (این این آئی) کنٹونمنٹ بورڈ وارڈ نمبر 5 کے امیدوار ظاہر شاہ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ہے کہ عوام کے مسائل کو حل کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہیں، کامیاب ہو کر اہلیان وارڈ 5 کے تمام عوام کی بلا امتیاز خدمت کو عملی طور پر یقینی بنائینگے۔ انہوں نے کہا کہ وہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے انتہائی مشکور ہے کہ جنہوں نے ان پر اعتماد کرتے ہوئے کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ کے انتخابات کے موقع پر وارڈ نمبر 5 پر ان کی مکمل حمایت کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ تمام عوام

بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی پر چند افراد کا قبضہ ہے، میر ظفر قمبرانی و دیگر

آئندہ کا سیاسی لائحہ عمل تمام دوستوں کی مشاورت سے طے کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی جنرل کونسل کے رکن میر ظفر قمبرانی نے کونسل کے 13 ممبران، 17 یونٹ صدر و جنرل سیکرٹریز اور سینکڑوں کارکنوں کے ہمراہ پارٹی چھوڑنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی پر چند افراد کا قبضہ ہے مزید غیر جمہوری پارٹی کا حصہ نہیں رہ سکتے اور آئندہ کا سیاسی لائحہ عمل تمام دوستوں کی مشاورت سے طے کریں گے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ اس

بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

جمعہ داد خان مندوخیل کی سرپرستی میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کا آغاز کر دیا

غیر قانونی تجاوزات گرائے جائینگے شہر کے سڑکوں پر جوگیوں اور تڑوں کو مسمار کیں جائینگے، محمد علی کاسی

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی سرپرستی میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کا آغاز کر دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جمعہ داد خان مندوخیل کے ہمراہ ڈی پی او محمد علی کاسی میونسپل کارپوریشن اکاؤنٹ افیسر امان اللہ اچکزئی لیویز اور پولیس نے شہر کے مختلف شاہراہوں پر تجاوزات کو ہٹایا گیا غیر قانونی تجاوزات گرائے جائینگے شہر کے سڑکوں پر جوگیوں اور تڑوں کو مسمار کیں جائینگے اور پیٹرول پمپ مالکان کو ایک ہفتے کے الٹی میٹم دے دیا

بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

ژوب ڈپٹی کمشنر شیخک بلوچ کا سیول ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا

ژوب (نامہ نگار) ژوب ڈپٹی کمشنر شیخک بلوچ کا سیول ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا جہاں پر انہوں نے او پی ڈی، ایمرجنسی روم، کارڈیک وارڈ، آپریشن تھیٹر، پیڈز وارڈ، ڈائلیسس وارڈ، لیبارٹری اور میڈیسن اسٹور روم

بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

کارکن جماعت کا قیمتی اثاثہ ہیں کارکن جماعت کو فعال رکھنے کیلئے جدوجہد کو تیز کریں، سید ارشد شاہ بخاری

کارکن اپنے مسائل سے قیادت کو آگاہ کریں قیادت انکو حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کرے گی

بھاگ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کچی کے امیر سید ارشد شاہ بخاری نے کہا ہے کہ کارکن جماعت کا قیمتی اثاثہ ہیں کارکن جماعت کو فعال رکھنے کیلئے جدوجہد کو تیز کریں کارکن اپنے مسائل سے قیادت کو آگاہ کریں قیادت انکو حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کرے گی کارکنوں نے بھاگ کو مسائل کی آماجگاہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ بھاگ چھلگری کے ہسپتالوں میں ڈاکٹرز ادویات کی کمی محکمہ پی ایچ ای ایریگیشن کی نااہلی سے صاف پانی کی کمی اور زرعی

بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ آفیسر تعلیم (میل) اسپیلہ محمد انور جمالی کا گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول آوادان اوتھل کا دورہ

اوتھل (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ آفیسر تعلیم (میل) اسپیلہ محمد انور جمالی نے گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول آوادان اوتھل کا دورہ کیا اور تدریسی عمل کا جائزہ لیا، جبکہ اسکول کے مسائل اور اساتذہ کو درپیش مشکلات سے آگاہی حاصل کی اور انہیں حل کرنے کی یقین دہانی کرائی، گزشتہ روز اپنے دورے کے دوران انہوں نے مڈل اسکول آوادان اوتھل میں کلاس رومز کا معائنہ کیا اور طلباء سے سوالات کے طلباء نے جوابات

بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

پارلیمانی سیکرٹری مہ جبین شیرین سے دائیں چانسلر سردار بہادر خان یونیورسٹی ساجد ظریں منعقدہ تقریب میں بات چیت کر رہی ہیں

پی ٹی آئی کو کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن میں ایک اور کامیابی ملی ہے، ڈاکٹر منیر بلوچ

کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن میں عوام کی بھرپور حمایت اور پذیرائی سے مخالفین پریشان ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے صدر ڈاکٹر منیر بلوچ نے کہا کہ کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن میں عوام کی بھرپور حمایت اور پذیرائی سے مخالفین پریشان ہیں جسکی وجہ دو الزام اور تنقید پر اتر آئے ہیں کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن میں جوق در جوق لوگوں کی حمایت اور پی ٹی آئی کے جوش و جذبے سے پی ٹی آئی کے امیدوارن کے جیتنے کے امکانات واضح ہو گئیں ہیں جسکی وجہ سے مخالفین کی نیندیں حرام ہو گئی ہے پی ٹی آئی کو کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن میں ایک

بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

نیشنل پارٹی نے کبھی بھی سیاسی ورکروں کو مایوس نہیں کیا ہے، حاجی صالح محمد بلوچ

بلوچستان نیشنل پارٹی کی تنظیمی قوت پر ہمیں سیاسی جماعت اور بلوچستان کی سیاست کے حوالے سے بلوچستان نیشنل پارٹی کی حیثیت رکھتی ہے

پنجگور (این این آئی) نیشنل پارٹی پنجگور کے زیر اہتمام نیشنل پارٹی میں نئے شمولیت کرنے والے کیلئے ویلکم پارٹی کا اہتمام کیا گیا جس میں نیشنل پارٹی کے کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ویلکم پارٹی میں نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر بزرگ رہنما حاجی صالح محمد بلوچ مرکزی رہنما، علاولدین ایڈوکیٹ مرکزی ریسرچ اینڈ ایڈوکیسی سیکرٹری بلوچ جنرل سیکرٹری صدیق بلوچ تحصیل صدر تاج بلوچ تلنج کے رہنما، کامریڈ اسماعیل بلوچ نیشنل پارٹی کے رہنما، حاجی

بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

چنال اور یلانزئی قبیلے کے دیرینہ تنازعہ پر دو طرفہ فائرنگ سے دو افراد جاں بحق

خاران (نمائندہ خصوصی) واشک کے سب تحصیل شاہو گیزی کے علاقہ زرد ڈھ میں چنال اور یلانزئی قبیلے کے دیرینہ تنازعہ پر دو طرفہ فائرنگ سے دو افراد موقع پر جاں بحق جبکہ ایک زخمی

تفصیلات کے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے، ہمارے حوصلے بلند ہے، شیخ جعفر خان مندوخیل

ہمارے حوصلے بلند ہے انھوں نے زخمی ہونے والے اہلکاروں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے

ژوب (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر شیخ جعفر خان مندوخیل نے زیارت کے قریب لیویز اہلکاروں پر دہشتگردوں کی طرف سے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے شہید اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی تعزیت و یکجہتی کا اظہار کیا شیخ جعفر خان مندوخیل نے واقعے میں اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے انھوں نے کہا کہ قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے، ہمارے حوصلے بلند ہے انھوں نے زخمی ہونے والے

بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ دشتی مسجد کے قریب پک اپ گاڑی الٹ کے نتیجے میں پانچ افراد زخمی ہو گئے

اوتھل (نامہ نگار) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ دشتی مسجد کے قریب پک اپ گاڑی الٹ کے نتیجے میں پانچ افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق اتوار کو روز کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ دشتی مسجد کے قریب پک اپ گاڑی الٹ گئی جس کے نتیجہ 5 افراد زخمی ہو گئے جنہیں لسبیلہ پولیس ایمرجنسی ریسپانس سینٹر زیرو پوائنٹ کی ایمبولینس کے ذریعے فوری طور سول ہسپتال اوتھل منتقل

بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ کا عوام کا سامنا نہ کرنا بدترین نااہلی ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

کب تک چند وزراء کو میڑھ معرکہ کیلئے استعمال کرتے رہیں گے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکریٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم خیشگی مولانا محمد ایوب حافظ عبدالحق حقانی مولانا حکیم حبیب اللہ حافظ مسعود احمد حافظ شبیر احمد مدنی مفتی عبدالغفور مدنی حافظ سراج الدین حاجی ولی محمد بزنجو حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ چوہدری محمد عاطف میر فاروق لانگو مولانا جمال الدین حقانی مولانا مفتی نیک محمد فاروقی مولانا محمد عارف شمشیر اور دیگر شہدائے

بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر کھیل وثقافت عبدالخالق ہزارہ اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

عنایت بزدار نے اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت بی اے پی سے مستعفی ہونے کا اعلان کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما میر عنایت بزدار نے اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت بی اے پی سے مستعفی ہونے کا اعلان کر دیا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں میر عنایت بزدار نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کا قیام عوام کو انکے حقوق کی دہلیز پر فراہمی اور عوام کی خدمت کیلئے عمل میں لایا گیا تھا لیکن افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے پارٹی میں اب غیر آئینی فیصلے کئے جا رہے ہیں۔

ٹوب ڈپٹی کمشنر زیارت کو عہدے سے ہٹا دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر زیارت کو عہدے سے ہٹا دیا گیا۔ اتوار کو چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کے جاری کردہ احکامیہ کے مطابق ڈپٹی کمشنر زیارت وقار خورشید عالم کا تبادلہ کر کے انہیں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ اسسٹنٹ کمشنر زیارت زاہد احمد کو قائم مقام

بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

کوئٹہ بچوں کو 10 مختلف موذی بیماریوں سے بچاؤ کی مہم شروع

ضلع کوئٹہ میں بچوں کو 10 مختلف موذی بیماریوں سے بچاؤ کی 12 روزہ مہم آج سے شروع ہو رہی ہے

23 ماہ تک کے بچوں کو جان لیوا بیماریوں جن میں خسرہ، تپ دق، خناق، کالی کھانسی، اسہال، پولیو، یرقان اور نمونیا شامل ہیں، بشریٰ رند

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات بشریٰ رند نے کہا ہے کہ ضلع کوئٹہ میں بچوں کو 10 مختلف موذی بیماریوں سے بچاؤ کی 12 روزہ مہم آج سے شروع ہو رہی ہے جس میں پیدائش سے لے کر 23 ماہ تک کے بچوں کو جان لیوا بیماریوں جن میں خسرہ، تپ دق، خناق، کالی کھانسی، اسہال، پولیو، یرقان اور نمونیا شامل ہیں، سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں گے۔ اسکے علاوہ 15 سے 49 سال کے خواتین کو ٹشو کی بیماری سے محفوظ رکھنے کے لیے TT ویکسین بھی لگائی جائے گی۔ اس سلسلے میں انھوں نے تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے باشعور افراد اور والدین سے گزارش کی ہے کہ وہ محکمہ صحت کی جانب سے شروع کی گئی اس مہم میں محکمہ صحت کے ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون

بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

عوام ترقی تو درکنار لاٹ عذاب میں مبتلا ہو چکے ہیں، رحیم آغا

سریاب روڈ اور سبزل روڈ کا توسیعی منصوبہ سست روی کا شکار ہیں اور جا بجا کھڈے اور گھڑے کھود کر عوام کا روڈ پر سفر کرنا محال بنا دیا گیا ہے

صوبائی دارالحکومت میں سڑکوں کی تعمیر میں سست روی کا نوٹس نہ لیا گیا تو تاجر سخت لائحہ عمل طے کرنے پر مجبور ہونگے، عمران ترین، حاجی نصر الدین کاکڑ، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے تاجر رہنماؤں نے خبردار کیا ہے کہ صوبائی دارالحکومت میں سڑکوں کی تعمیر میں سست روی کا نوٹس نہ لیا گیا تو تاجر سخت لائحہ عمل طے کرنے پر مجبور ہونگے انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری عمران ترین، حاجی نصر الدین کاکڑ، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، میر رحیم انگوئی، حیدر آغا، محمد حسین، محمد جان آغا درویش، ولی الافغان، حاجی ظہور کاکڑ، حاجی نور محمد اچکزئی، خان کاکڑ، نجوت ترین، امردین آغا، حاجی سعد اللہ، بسم اللہ ترین، حاجی قیوم علی، دوست محمد ترین، امردین آغا، حاجی سلیم، حاجی اسلم ترین، حاجی ظفر شاہ، حاجی حسن علی، منصور ترین، عزت آغا، نجیم اللہ کاکڑ اور دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں سریاب روڈ کے توسیعی منصوبے کی سست

بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

میر عبدالکریم نوشیروانی ہمیشہ خاران عوام کے ہر دکھ درد میں شریک رہا ہے

ماشکیل (نامہ نگار) بی اے پی کے سینئر نائب صدر خادم خاران میر عبدالکریم نوشیروانی صاحب نے حاجیزی قوم کے دو گروپوں کے درمیان تنازعے کا تصفیہ کر کے خادم خاران ہونے کا حق ادا کیا ان خیالات کا اظہار ماشکیل کے سیاسی سماجی و قبائلی رہنماء میر کبیر احمد ریکی نے سوشل میڈیا کے ذریعے اپنے بیان میں کہا انھوں نے خادم خاران میر عبدالکریم نوشیروانی صاحب کو خادم خاران ہونے کا اعزاز ایسی خدمات کی وجہ سے ملا ہے جو آج تک

بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

پاکستان مسلم لیگ (ن) ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے، محمد اقبال عباسی

آج پوری قوم میاں محمد نواز شریف کے دور کو یاد کر رہی ہے

سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کا دور سنہری دور تھا مہنگائی کنٹرول میں تھی کسانوں کو کھاد میں رعایت دی گئی

ماچھی پور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع صحبت پور کے صدر محمد اقبال عباسی سینئر نائب صدر عبدالرؤف مینگل، نائب صدر محمد اسحاق عمرانی نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے آج پوری قوم میاں محمد نواز شریف کے دور کو یاد کر رہی ہے سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کا دور سنہری دور تھا مہنگائی کنٹرول میں تھی کسانوں کو کھاد میں رعایت دی گئی پٹرول و ڈیزل ادویات میں نمایاں کمی تھی ان خیالات کا اظہار انہوں

بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

حب مہراب چندرانی کو شہید کئے جانے کیخلاف قاتلوں کے گرفتاری کیلئے احتجاج کیا جا رہا ہیں

صوبے میں حالات انتہائی کشیدہ ہوتے جا رہے ہیں امن ایک خواب بنتا جا رہا ہے، حاجی مومن خان ناصر

عوام میں عدم تحفظ تیزی کے ساتھ بھرتا جا رہا ہے حکومت نام کی کوئی شے نہیں ہے، سردار زادہ نعمان خان ناصر

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی نائب صدر سردار زادہ نعمان خان ناصر لورالائی کے ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی مومن خان ناصر نے لورالائی میں اپنی رہائشگاہ پر قبائلی عمائدین سے خطاب اور صحافیوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں حالات انتہائی کشیدہ ہوتے جا رہے ہیں امن ایک خواب بنتا جا رہا ہے عوام

بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

سلیکٹڈ حکومت کی جانب سے این ایل ای ٹیسٹ کا فیصلہ ایک ظالمانہ فیصلہ ہے، ہدایت اللہ پیرزادہ

طلبا حقوق پر کسی بھی قسم کی کمپرومائز کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلبا اسلام پاکستان کے مرکزی صدر ہدایت اللہ پیرزادہ اور مرکزی جنرل سیکرٹری آصف اللہ مروت ایڈووکیٹ ودیگر نے اپنے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا کہ لاہور میں ڈاکٹرز اور نجی میڈیکل سٹوڈنٹس کا این ایل ای کے خلاف پرامن احتجاج پر پنجاب پولیس کی طرف سے ظالمانہ تشدد کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں انہوں نے نے

بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

اوتھل ڈسٹرکٹ آفیسر تعلیم (میل) اسپیلہ محمد انور جمالی گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول آوادان اوتھل کے دورے کے دوران تدریسی عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

کوئٹہ بی ایم سی ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر نور اللہ موسیٰ خیل اتوار کے روز ہسپتال میں لائبریوں اور صفائی کی نگرانی کر رہے ہیں

یونین کونسل گزگ دور جدید میں تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہے، میر دلی جان لہڑی

علاقہ میں ایک ہی ڈسپنسری جو کہ صحت کی تمام سہولتوں سے محروم ہیں

قلات (این این آئی) قلات کے یونین کونسل گزگ کے رہنماؤں میر دلی جان لہڑی محمد اعظم لہڑی درجان ہنگوئی حبیب خان محمد اسلم حفیظ الرحمان اور دیگر نے کہا ہے کہ یونین کونسل گزگ دور جدید میں تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہے مواصلات کا نظام نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں کو قلات ہسپتال اور دیگر علاقوں تک لے جانے کے لئے علاقہ مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے علاقہ کی واحد ڈسپنسری میں سہولیات نام کی کوئی بھی چیز نہیں ڈسپنسری سے مریضوں کو ایک کڑوی گولی بھی نہیں ملتی سانپ کے کاٹنے کے مریضوں کے لیے ویکسین بھی دستیاب نہیں

بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

پاکستان سنی تحریک کوئٹہ کے زیر اہتمام فری جنازہ کیمپ لگایا گیا

کوئٹہ (آن لائن) آج پاکستان سنی تحریک کوئٹہ کے زیر اہتمام فری جنازہ کیمپ لگایا گیا جس میں پاکستان سنی تحریک کے صوبائی صدر علی بلوچ اور کوئٹہ ڈویژن کے صدر محمد رضوان قادری اور ڈویژن پریس سیکریٹری محمد یاسر قادری نے شرکت کی کیمپ کی افتتاح دربار یوسفیہ کے سجادہ نشین پیر طاہر شاہ اور طاہر شاہ نے کی اور دعا کی عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی جس میں پاکستان سنی تحریک بلوچستان کے صوبائی صدر علی بلوچ اور ڈویژنل صدر رضوان قادری نے اپنے

بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

ماضی میں عوامی مسائل میں کسی نے بھی دلچسپی نہیں لی، ڈاکٹر شعیب

جام کمال خان بحیثیت وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے تاریخی اقدامات کر رہے ہیں

ماضی میں صوبے کے عوام کو مایوسیوں کے سوا کچھ نہیں ملا اور ان مایوسیوں کا ازالہ موجودہ حکومت کر رہی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن ڈاکٹر شعیب خان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے اپنے دور اقتدار میں صوبے کے طول وعرض میں بے شمار ترقیاتی کام کئے ہیں ترقی کے عمل کو رواں رکھتے ہوئے صوبے کو خوشحالی کی جانب گامزن کیا ہے عوامی مسائل کا حل موجودہ حکومت ممکن بنا رہی ہے جس کا تمام تر سہرا وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اور ان کی پوری ٹیم کے سر جاتا ہے انہوں نے کہا کہ جام کمال خان بحیثیت وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے تاریخی اقدامات کر رہے ہیں اور ان اقدامات سے عوام کو فوائد حاصل ہو رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کیساں بنیادوں پر ترقی کے عمل کو جاری رکھتے ہوئے بلا امتیاز عوامی خدمت کا فریضہ سرانجام دے

بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

میر علی حسن زہری کا میر چنگیز جمالی کی والدہ کے وفات پر اظہار تعزیت

حب (این این آئی) سندھ بلوچستان کی ممتاز سیاسی و سماجی و قبائلی شخصیت میر علی حسن زہری نے اپنے جاری کردہ ایک تعزیتی بیان کے ذریعے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

عراق میں ملیشیاؤں کے غیر قانونی ہتھیاروں کے خلاف مہم پر حکومت کی تحسین

سعودی عرب بین الاقوامی اور علاقائی تنازعات کو بات چیت کے ذریعے طے کرنے کا حامی ہے، وزیر خارجہ

ریاض (این این آئی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے عراق کی حکومت کے مسلح ملیشیاں کے غیر قانونی ہتھیاروں کی ضبطی کے لیے مہم اور اقدامات کو سراہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انھوں نے بغداد میں منعقدہ علاقائی کانفرنس میں کہا کہ خطے میں انتہا پسندی کے خطرے سے نمٹنے کے لیے سعودی عرب اور عراق یکساں موقف کے حامل ہیں اور اس ضمن میں مملکت عراق کے ساتھ کھڑی ہے۔ شہزادہ فیصل نے کہا کہ سعودی عرب کی قیادت ہر سطح پر عراق کی حمایت میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرے گی۔

اوتھل قومی شاہراہ دشتی مسجد کے قریب پک اپ گاڑی الٹنے سے زخمی ہونے والوں کو سول ہسپتال اوتھل میں طبی امداد دی جا رہی ہے

لورالائی ژوب روڈ کی حالت انتہائی مخدوش ہے، عوامی حلقوں حکام بالا سے نوٹس لینے کا مطالبہ

ناقص میٹریل کے استعمال سے روڈ بنتے ہی جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے

لورالائی (این این آئی) لورالائی ژوب روڈ کی حالت انتہائی مخدوش ہے پندرہ سال بعد عوامی اور سیاسی دباؤ کے ساتھ ساتھ وکلاء برادری کے کوششوں سے آخر کار این ایچ اے نے روڈ کی منظوری دی اور اسکی تعمیر کیلئے فنڈز ریلیز ہوئے اور باقاعدہ کام شروع ہوا لیکن اب ناقص میٹریل کے استعمال سے روڈ بنتے ہی جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے لہذا این ایچ اے فوری طور پر مزکورہ ٹھیکہ دار کی ناقص کارکردگی کا نوٹس لیکر سڑک کی تعمیر اعلی معیار کے مطابق کرانے کی

بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

صحت مند معاشرے کے قیام کیلئے سپورٹس کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، حفیظ اللہ سوری

تعلیم کے ساتھ ساتھ ذہنی وجسمانی نشوونما بھی ضروری ہے، اسسٹنٹ کمشنر برشور

پشین (آن لائن) اسسٹنٹ کمشنر برشور حفیظ اللہ سوری نے کہا کہ صحت مند معاشرے کے قیام کیلئے سپورٹس کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے تعلیم کے ساتھ ساتھ ذہنی وجسمانی نشوونما بھی ضروری ہے سپورٹس کی وجہ سے کئی بیماریاں انسان سے دور رہتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے باڈی بلڈنگ کلب افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ نوجوان کو تعلیمی سرگرمیوں کیساتھ ساتھ سپورٹس کی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے سپورٹس سے نوجوان نسل کو مختلف معاشرتی برائیوں سے بچایا جاسکتا ہے نوجوان قوم کا سرمایہ ہے منشیات ودیگر برائیوں سے بچنے اور توانا صحت کیلئے باڈی بلڈنگ کلب خوش آئند ہے۔

یوسفزئی قومی اتحاد کی کارکردگی سے کسی کو خوف زدہ نہیں ہونا چاہیے، یوسفزئی قومی اتحاد

ہم یوسفزئی ق